© rasailojaraid.com

**۵۲ دُروس قرآن** | مرتب: سیّد طاہر رسول قادری - ناشر: ادارہ معارفِ اسلامی سی ۱۰/۱۶۳ فیڈرل بی ایریا کراچی نمبر ۷۵۹۵۰ - صفحات: ۴۷۶ - قیمت درج نہیں -

یہ کتاب دراصل "انقلابی کتاب حصّہ دوم" کہلاتی ہے - "انقلابی کتاب حصّہ اوّل صرف علومِ قرآن، قرآنی مباحث اور قرآنی اصطلاحات پر مشتمل ہے - انقلابی کتاب سیریز کی اس دوسری کتاب میں قرآن مجید کے مختلف مقامات سے ۵۲ دُروس کا انتخاب کیا گیا ہے - جن کا مقصد جماعت اسلامی اور دوسرے دینی حلقوں کے ہفت روزہ حلقہ ہائے دروسِ قرآنی کے لیے سال بھر کا نصاب مہیا کرنا ہے - گویا پورے ایک سال کے ۵۲ ہفتوں کے لیے ۵۲ دروسِ قرآنی منتخب کیے گئے ہیں -

ان دروس میں قرآن مجید کا ترجمہ تفہیم القرآن سے لیا گیا ہے - اور عربی متن کسی عرب مُلک کے چھپے ہوئے قرآن مجید سے حاصل کیا گیا ہے - جو اپنے رسم الخط کے اعتبار سے ہمارے ہاں نامانوس ہے اور بہت سے لوگوں کے لیے اُسے صحیح طور پر پڑھنا مشکل ہے - دورانِ تشریح جو آیاتِ قرآنی دی گئی ہیں وہ ایک تو بغیر اعراب کے ہیں جنہیں پڑھنا عام قاری کے لیے دشوار ہے - دوسرے ان میں کتابت کی بہت سی غلطیاں ہیں - مثال کے طور پر:

ص ۳۸ پر عَرَضنا غلط طور پر درج ہے جب کہ عَرَضْنَا صحیح ہے -

ص ۲۱۵ پر باب التقوی " " " باب التقوٰی " "

ص ۳۲۵ پر یصلون علی المنبی " " " یُصَلُّوْنَ عَلَی النَّبِیِّ " "

ص ۴۲۶ پر التغابر " " " التَّغَابُنِ " "

ص ۴۲۷ پر یقتّرو " " " یَقْتُرُوْا " "

بہرحال یہ کتاب وابستگانِ دین، خصوصاً نوجوانوں کے حلقوں میں درسِ قرآنی کی بہت بڑی ضرورت کو پورا کرنے والی ہے - طلبہ وطالبات کے علاوہ عام قارئین کے لیے بھی یہ کتاب یکساں طور پر مفید ہے - آغاز میں قاضی حسین احمد صاحب امیر جماعتِ اسلامی پاکستان کا بصیرت افروز مقدمہ بھی درج ہے -

© rasailojaraid.com